ماڈیول ۲۶

حدیث نمبر 44

رضاعت اور اس کے احکام

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"رضاعت (دودھ پلانا) وہی حرمت ثابت کرتا ہے جو حرمت نسب (خون کے رشتے) سے ہوتی ہے۔"

یعنی جس طرح نسب (خون کا رشتہ) سے کچھ رشتے ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتے ہیں، اسی طرح رضاعت (دودھ پلانے) سے بھی حرمت ثابت ہوتی ہے۔

رضاعت کے احکام:

اس حدیث میں رضاعت کے احکام بیان کیے گئے ہیں۔ رضاعت کا مطلب ہے ایک عورت کا کسی بچے کو دودھ پلانا۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر ایک عورت کسی بچے کو دودھ پلائے تو وہ اس کا رضاعی بیٹا یا بیٹی بن جاتا ہے، لیکن اس کے لیے کچھ شرائط ہیں۔

بچے کی عمر:

بچہ دو سال یا اس سے کم عمر کا ہونا چاہیے۔ قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے:

"اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال تک دودھ پلائیں۔"

دو سال کے بعد دودھ پلانے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

جب تک بچہ دو سال کا ہے، اس کی خوراک صرف دودھ ہوتی ہے، اور دو سال تک دودھ سے ہی اس کی ہڈیاں بنتی ہیں۔

پانچ مرتبہ دودھ پلانا:

بچے کو الگ الگ پانچ مرتبہ دودھ پلانا ضروری ہے۔ایک یا دو مرتبہ دودھ پلانے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مطابق پہلے قرآن میں دس مرتبہ دودھ پلانے کا حکم تھا، لیکن بعد میں یہ حکم منسوخ ہو کر پانچ مرتبہ رہ گیا۔

- **رضاعت کے معاملات اور گواہی:**

شریعت میں عام طور پر کسی بھی معاملے میں دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے، لیکن رضاعت کے معاملے میں ایک عورت کی گواہی بھی قبول کی جاسکتی ہے۔اس کا دلیل حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے۔

حضرت عقبہ نے ایک عورت سے نکاح کیا تھا۔رخصتی سے پہلے ایک عورت آئی اور کہا کہ "میں نے تم دونوں (لڑکا اور لڑکی) کو دودھ پلایا ہے۔" حضرت عقبہ نبی ﷺ کے پاس گئے اور مشورہ لیا۔نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ عورت یہ دعویٰ کر رہی ہے، تو بات ختم ہے۔تم دونوں رضاعی بہن بھائی ہو اور تمہارا نکاح منسوخ ہو گیا۔

- **اہمیت اور سبق:**

اس حدیث سے یہ سبق ملتا ہے کہ رضاعت کے معاملے میں ایک عورت کی گواہی قبول ہے۔یہ ایک اہم قانونی اور شریعتی مسئلہ ہے جو نسلوں کی حفاظت اور معاشرتی نظام کی صفائی کے لیے ضروری ہے۔

حرمت کے رشتے:

دودھ پلانے والی عورت رضاعی ماں بن جاتی ہے۔اس کے رضاعی بہن، بھائی، بیٹیاں اور دوسرے رشتے بھی نسبی رشتوں کی طرح حرام ہو جاتے ہیں۔مثلاً، رضاعی ماں کی بیٹی رضاعی بہن بنے گی، اور اس کا شوہر رضاعی باپ بنے گا۔

اہمیت اور نصیحت:

رضاعت کے احکام نسلوں کی حفاظت کے لیے ہیں۔آج کے دور میں عورت کو چاہیے کہ اگر وہ کسی بچے کو دودھ پلائے تو اس بات کو واضح طور پر لکھے اور اپنے خاندان کو ظاہر کرے۔یہ صرف شریعت کے احکام کی پابندی نہیں، بلکہ نسلوں کو غلط رشتوں

سے بچانے کا طریقہ بھی ہے۔ نبی ﷺ نے اس حدیث کے ذریعے رضاعت اور نسب کے رشتے کی حرمت کو برابر قرار دیا ہے۔

Hadith Number 44

Razaat aur Uske Ahkaam

Hazrat Aisha رضی اللہ عنہا se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
“Razaat (doodh pilana) wahi hurmat sabit karta hai jo hurmat nasab (khoon ke rishtay) se hoti hai.”
Yani jis tarah nasab (khoon ka rishta) se kuch rishtay hamesha ke liye haram ho jate hain, usi tarah razaat (doodh pilane) se bhi hurmat sabit hoti hai.

Is hadith mein razaat ke ahkam bayan kiye gaye hain. Razaat ka matlab hai ek aurat ka kisi bacche ko doodh pilana. Nabi ﷺ ne farmaya ke agar ek aurat kisi bacche ko doodh pilaye, to woh uska razai beta ya beti ban jata hai, lekin iske liye kuch shara’it hain.

Bacchay ki Umar:

Baccha do saal ya is se kam ka hona chahiye. Quran-e-Kareem mein farmaya gaya hai:
"Aur maayein apne bachon ko poore do saal tak doodh pilayein"
Do saal ke baad doodh pilane se hurmat sabit nahi hoti.

Jab tak bacha do saal ka hai, bachey ke khuraak sirf doodh hoti hai,bacha doodh se hi pait barhta hai, aur do saal tak isi doodh se uski hadiyan banti hai.

Paanch Martaba Doodh Pilana:

Bacche ko alag-alag paanch martaba doodh pilana zaroori hai. Aik ya do martaba doodh pilane se hurmat sabit nahi hoti. Hazrat Aisha رضی اللہ عنہا ke mutabiq pehle Quran mein das martaba doodh pilane ka hukm tha, lekin baad mein yeh hukm mansookh ho kar paanch martaba reh gaya.

- **Razaat ke Muamlaat aur Gawahi:**
  Shari’at mein aam tor par kisi bhi muamle mein do gawahon ka hona zaroori hai, lekin razaat ke maamle mein ek aurat ki gawahi bhi qabool ki ja sakti hai. Is ka daleel Hazrat Uqbah bin Harith رضی اللہ عنہ ka waqia hai.

Hazrat Uqbah ne ek aurat se nikah kiya tha. Rukhsati se pehle ek aurat ayi aur kaha ke "maine tum dono (larka aur larki) ko doodh pilaya hai." Hazrat Uqbah Nabi ﷺ ke paas gaye aur mashwara liya. Nabi ﷺ ne farmaya ke agar yeh aurat yeh dawa kar rahi hai, to baat khatam hai. Tum dono razai behen-bhai ho aur tumhara nikah mansookh ho gaya.

- **Ahmiyat aur Sabq:**
  Is hadith se yeh sabaq milta hai ke razaat ke maamle mein ek aurat ki gawahi qabool hai. Yeh ek aham qanooni aur shari'ati masla hai jo naslon ki hifazat aur maasharti nizam ki safai ke liye zaroori hai.

Hurmat ke Rishte:

Doodh pilane wali aurat razai maa ban jati hai. Uske razai behen, bhai, betiyan aur doosre rishtay bhi nasabi rishton ki tarah haram ho jate hain. Maslan, razai maa ki beti razai behen banegi, aur uska shohar razai baap banega.

Ahmiyat aur Naseehat:

Razaat ke ahkam naslon ki hifazat ke liye hain. Aaj ke dor mein aurat ko chahiye ke agar woh kisi bache ko doodh pilaye to is baat ko wazeh taur par likhe aur apne khandan ko zahir kare. Yeh sirf shari'at ke ahkam ki pabandi nahi, balke naslon ko galat rishton se bachane ka tareeqa bhi hai. Nabi ﷺ ne is hadith ke zariye razaat aur nasab ke rishte ki hurmat ko barabar qarar diya hai.